# 23-09-2024 Monday URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے ریاست میں امرت اسکیم پر عمل آوری کی سنٹرل وِجلنس کمیشن کے ذریعہ تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔

۲۔لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے عوام کی توقعات اورامنگوں کی تکمیل کے لئے مقنّنہ کے اداروں کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

۳۔کانگریس پارٹی کے کارکنوں نے کل رات میدک ضلع میں نرساپور کی بی آر ایس ایم ایل سنیتا لکشما ریڈی کے مکان پر حملہ کی مبینہ طور پر کوشش کی۔

اور

۴۔مرکزی سکریٹری برائے امورِ صارفین نے کہا ہے کہ تمام ریاستی دارالحکومتوں اور بڑے شہروں میں اس ہفتہ سے ریٹیل مارکٹ میں 35 کلو فی گرام کی قیمت سے پیاز فروخت کی جائے گی۔

☆☆☆

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کانگریس اور بی آر ایس دونوں پر الزام لگایا ہے کہ وہ اہم مسائل سے عوام کی توجہ ہٹانے کے لئے امرت اسکیم پر ڈرامہ بازی کررہے ہیں۔انہوں نے بیان میں کہا کہ امرت اسکیم ملک بھر میں شہری انفرااسٹرکچر کو بہتر بنانے کے لئے لائی گئی۔انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس اور بی آر ایس دونوں اِس اسکیم پر عمل آوری میں کرپشن کے الزامات ایک دوسرے پر لگاتے ہوئے ڈرامہ کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت کے خلاف بی آر ایس کے الزامات اور سابقہ بی آر ایس حکومت پر کانگریس کے الزامات سب ڈھونگ ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ الزامات اور جوابی الزامات دراصل عوام کی توجہ ہٹانے کی کوششیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ دونوں ہی پارٹیاں اس اسکیم میں بڑے پیمانے پر کرپشن کی ذمہ دار ہیں۔بنڈی سنجے نے کہا کہ دونوں ہی پارٹیوں نے اپنے پسندیدہ افراد کو کنٹراکٹ دئے اور بھاری کمیشن حاصل کیا۔انہوں نے بی آر ایس اور کانگریس کے الزامات کے پیچھے چھپی سچائی کا پتہ لگانے کے لئے تلنگانہ میں امرت اسکیم پر عمل آوری کی سنٹرل وِجلنس کمیشن کے ذریعہ تحقیقات کا مطالبہ کیا۔

☆☆☆

سکندرآباد کے گاندھی ہاسپٹل میں آج کچھ دیر کے لئے اس وقت کشیدگی پیدا ہوگئی جب پولیس نے حقائق کا پتہ لگانے کے لئے بی آر ایس کی جانب سے تشکیل دی گئی کمیٹی کے ارکان کو گرفتار کرلیا۔بی آر ایس کے ارکان اسمبلی دواخانہ کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے وہاں پہنچے تھے۔پولیس اور بی آر ایس کے قائدین کے درمیان ہاتھاپائی کی صورتحال پیدا ہوگئی۔سابق ڈپٹی چیف منسٹر راجیہ، ارکان اسمبلی کے سنجے، مانگٹی گوپی ناتھ اور سابق ایم ایل اے ایم آنند کو گرفتار کرلیا گیا۔بی آر ایس نے گاندھی ہاسپٹل کے بشمول ریاست کے سرکاری دواخانوں کی بگڑتی ہوئی حالت کی تحقیقات کے لئے راجیہ کی قیادت میں ایک تین رکنی تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی تھی۔

☆☆☆

ترومالا ترو پتی دیوستھانم نے لڈو کی تیاری میں استعمال ہونے والے گھی میں ملاوٹ کے الزامات کے پیش نظر آج ترومالا مندر میں شانتی ہوم انجام دیا۔روایت کے مطابق مندر میں صفائی کی رسوم انجام دی گئی۔ٹی ٹی ڈی کے اگزیکیٹیو آفیسر سیاملا راؤ نے کہا کہ ملاوٹ کے اثرات کو دور کرنے، لڈو پرسادم کے تقدس کو بحال کرنے اور بھکتوں کی بہتری کے لئے رسومات انجام دی گئیں۔

☆☆☆

ریاست کے اضلاع عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچر یال، پدا پلی، جئے شنکر بھوپال پلی، ملگو، رنگا ریڈی، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی اور نارائن پیٹ میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ایکا دوکا مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ ریاست کے کئی اضلاع میں کل یہی صورتحال برقرار رہنے کا امکان ہے۔ ریاست میں جنوب مغربی مانسون معمول کے مطابق ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست میں چند مقامات پر بارش ہوئی۔

☆☆☆

وجئے ڈیری کو بلوں کی ادائیگی میں تاخیر کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے ڈیری کسانوں نے آج عادل آباد میں سڑک پر دودھ پھینک دیا۔ وجئے ڈیری سرکاری کمپنی ہے۔ ضلع کے مختلف مقامات سے تعلق رکھنے والے ڈیری کسان آج ضلع ہیڈکوارٹر پر جمع ہوئے اور احتجاج کیا۔ انہوں نے ڈیری کے عہدیداروں پر زور دیا کہ وہ بقیہ جات ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ بلوں کی ادائیگی میں تاخیر کی وجہ سے وہ اپنے مویشیوں کے لئے چارہ نہیں خرید پارہے ہیں اوران کے روزمرہ کے اخراجات کی تکمیل بھی نہیں ہورہی ہے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ ان کے مسائل حل کریں اور ہر 15 دن میں بل ادا کریں۔

☆☆☆

سکریٹریٹ کے روبرو شہداء کی یادگار پر آج اس وقت ہلکی کشیدگی پیدا ہوگئی جب سابق سرپنچوں نے ایک عرصہ سے واجب الادا بقایاجات کی ادائیگی کا حکومت سے مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کیا۔ حکومت کے خلاف نعرے لگاتے ہوئے انہوں نے اپنے مسائل کی فوری یکسوئی کا مطالبہ کیا۔ پولیس نے احتجاجی مظاہرین کو گرفتار کرلیا۔ سرپنچ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام ریاست بھر سے کئی سرپنچ اِس احتجاج میں شامل ہوئے۔ کئی سابق سرپنچوں نے کہا کہ انہوں نے اپنی ذاتی رقم خرچ کر کے ترقیاتی کام مکمل کئے اور انہیں یہ امید تھی کہ حکومت ان کے بل ادا کردے گی۔ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے صدر یادیا گوڑ نے کہا کہ حکومت نے ان کے بقایاجات اب تک ادا نہیں کئے ہیں۔

☆☆☆

تلنگانہ ہائی کورٹ نے آج ایک عبوری فیصلہ سناتے ہوئے درگم چیرو و کے اطراف ہائیڈرا کی انہدامی کارروائی پر روک لگادی۔ امر سوسائٹی کے مکینوں نے ہائیڈرا کی کارروائی کے خلاف عرضیہ دائر کی تھیں۔ ہائیڈرا حیدرآباد میں اوراس کے اطراف تالابوں کی اراضی اور سرکاری زمینات پر غیر مجاز تعمیرات کو منہدم کر رہی ہے۔

☆☆☆

حکومت پیاز کی قیمت کو کم کرنے کے لئے ہول سیل مارکٹ میں پیاز کی سربراہی کے لئے اقدامات کررہی ہے۔ دہلی میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امورِ صارفین کے محکمہ کی سکریٹری ندھی کھارے نے کہا کہ بفر اسٹاک میں پیاز کی کافی مقدار موجود ہے اور خریف سیزن کے دوران پیاز کی فصل کافی بڑے علاقہ پر بوئی گئی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پیاز کی قیمت پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ندھی کھارے نے اِس یقین کا اظہار کیا کہ پیاز کی قیمتیں جلد کم ہوجائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت رٹیل مارکٹ میں 35 روپے فی کلو کے رعایتی داموں پر پیاز فروخت کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی دارالحکومتوں اور بڑے شہروں میں اِس ہفتہ سے رعایتی قیمت پر پیاز کی فروخت شروع ہوگی۔

☆☆☆

ریاستی حکومت نے سال 25-2024ء کے لئے حسن آباد حلقہ میں مختلف کاموں کیلئے انتظامی منظوری دی ہے۔ان میں 13 گرام پنچایتوں اور بستیوں کو سڑکوں سے مربوط کرنے اور 50 کروڑ روپے کی لاگت سے 17 پلوں کے کام بھی شامل ہیں۔ پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر پونم پربھاکر اس حلقہ کی نمائندگی کرتے ہیں۔آج اس سلسلہ میں پنچایت اور دیہی ترقیات کے محکمہ نے ایک حکم نامہ جاری کیا۔ان کاموں میں ناگارم سے محمد پور تک،توٹا پلی سے پوساوارلا پلی تک،پوٹلا پلی سے پارویدا تک،امنا گرتی سے ونگارا کراس روڈ براہ گنڈلا پلی تک اور ڈامیرا سے کوتہ پلی تک سڑکوں کے کام شامل ہیں۔اس سے قبل پونم پربھاکر نے حسن آباد حلقہ کا دورہ کیا اور عوام سے ان کے مسائل کے بارے میں واقفیت حاصل کی۔

☆☆☆

دسویں کامن ویلتھ پارلیمنٹری اسوسی ایشن کی دو روزہ انڈیا ریجن کانفرنس آج دہلی میں شروع ہوئی۔لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا جو سی پی اے انڈیا ریجن کے صدر نشین بھی ہیں، اِس کانفرنس کی صدارت کررہے ہیں۔ ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے 46 پریسائیڈنگ آفیسرس، چار صدور نشین، 25 اسپیکرس، تین ڈپٹی چیرمین اور 14 ڈپٹی اسپیکرس اس کانفرنس میں شرکت کررہے ہیں۔اس کے علاوہ پرنسپل سکریٹریز،سکریٹریز اور دیگر عہدیدار بھی اس اجلاس میں شریک ہیں۔ پائیدار اور مجموعی ترقی کے حصول میں مقنّنہ اداروں کے رول کے عنوان سے یہ کانفرنس منعقد کی جارہی ہے۔اس موقع پر لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے بدلتے ہوئے حالات میں عوام کی توقعات اور امنگوں کو پورا کرنے کے لئے ملک کے مقنّنہ اداروں کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے اس امید کا اظہار کہ یہ کانفرنس ملک کے مقنّنہ اداروں کو ایک نئی بصیرت دے گی،تاکہ ترقی کے فوائد سے محروم لوگوں کو ترقی کے اصل دھارے میں لایا جاسکے۔

☆☆☆

کانگریس پارٹی کارکنوں نے کل رات میدک ضلع کے شیوم پیٹ منڈل کے گومارم گاؤں میں نرساپور کی بی آر ایس ایم ایل اے سنیتا لکشما ریڈی کے مکان پر حملہ کی کوشش کی۔کارکنوں نے گنیش وسرجن جلوس کے دوران ایم ایل اے کے مکان پر پٹاخے پھینکے جس سے افراتفری مچ گئی۔اس واقعہ کے نتیجہ میں بی آر ایس اور کانگریس کارکنوں کے درمیان جھڑپ ہوئی۔ پولیس نے دونوں گروپوں کو فوری منتشر کردیا۔سنیتا لکشما ریڈی نے حملہ کی مذمت کی ہے۔اس دوران بی آر ایس کے سینئر لیڈر ہریش راؤ نے کہا ہے کہ کانگریس کے کارکن پارٹی قیادت کے حکم پر بی آر ایس کے قائدین اور ان کے دفاتر اور کارکنوں پر حملے کررہے ہیں۔ ہریش راؤ نے حملہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس کے کارکنوں نے ڈیوٹی پر متعین ایک ہیڈ کانسٹیبل کا فون کھینچ لیا اور اسے ڈھکیل دیا۔ سنیتا لکشما ریڈی سے ملاقات کے بعد ہریش راؤ نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بی آر ایس قائدین کے خلاف چیف منسٹر کی قابل اعتراض بیانات سے کانگریس کے کارکنوں کی حوصلہ افزائی ہورہی ہے۔